Urdu | اردو

آپ کو کام کے قابل پیش گوئی نظام الاوقات کا حق حاصل ہے

NYC کے Fair Workweek Law (فیئر ورک ویک لاء) کے تحت فاسٹ فوڈ کے آجران کو اپنے کارکنان کو کام کا قابل پیش گوئی نظام الاوقات دینا چاہیئے۔ NYC میں ہر جائے کار پر آجران کو یہ نوٹس ایسی جگہ لگانا چاہیئے جہاں ملازمین آسانی سے اسے دیکھ سکیں۔*

اس قانون کے تحت آنے والے فاسٹ فوڈ کے کارکنان

ایسے ملازمین جو NYC میں کسی فاسٹ فوڈ ریستوران میں مندرجہ ذیل میں سے کم از کم کوئی ایک کام انجام دیتے ہیں:

- گاہک خدمات
- کھانا پکانا
- کھانے اور مشروب کی تیاری
- سائٹ سے باہر ڈلیوری
- حفاظت
- رسد یا سازوسامان کو ذخیرہ کرنا
- صفائی
- معمول کی مینٹیننس کے فرائض

یہ قانون امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر لاگو ہوتا ہے۔

آجران ملازمین کی سرزنش نہیں کر سکتے، انہیں سزا نہیں دے سکتے، ان کے خلاف انتقامی کارروائی نہیں کر سکتے یا کوئی ایسا قدم نہیں اٹھا سکتے جو ان کو قانون کے تحت اپنے حقوق استعمال کرنے سے روکے یا باز رکھ سکے۔ انتقامی کارروائی کے بارے میں کارکنان کو OLPS سے فوری طور پر رابطہ کرنا چاہیئے۔ ذیل میں ملاحظہ کریں۔

آپ کے حقوق

تخمینہ شدہ نظام الاوقات اور کام کا پہلا نظام الاوقات

کام پر آپ کے پہلے دن یا اس سے قبل آپ کے آجر کو آپ کو یہ سب دینا چاہیئے:

- کام کے پہلے 2 ہفتے کا تحریری نظام الاوقات، گھنٹے، تاریخوں، وقت آغاز اور وقت اختتام، اور شفٹ کے مقامات کے ساتھ۔
- تحریری "Good Faith Estimate" (اچھی نیت سے تخمینہ) (دن، اوقات، گھنٹے، مقامات، جن کے مطابق یا جہاں آپ کام کرنے کی توقع کر سکتے/سکتی ہیں)۔ اگر تخمینے میں کوئی تبدیلی واقع ہو تو آپ کے آجر کو وہ تبدیل شدہ تخمینہ آپ کو فراہم کرنا چاہیئے۔

کام کے نظام الاوقات کی 2 ہفتے پیشگی اطلاع

14

نظام الاوقات میں آپ کی پہلی شفٹ سے کم از کم 14 دن پہلے آپ کے آجر کو آپ کو کام کا تحریری نظام الاوقات دینا چاہیئے۔ نظام الاوقات کم از کم 7 تقویمی دنوں پر مشتمل ہو جس میں تاریخیں، شفٹ کا وقت آغاز اور وقت اختتام اور تمام شفٹوں کے مقامات شامل ہونے چاہیئں۔ اگر نظام الاوقات میں کوئی تبدیلی واقع ہو تو آپ کے آجر کو تمام متاثرہ کارکنان سے 24 گھنٹے کے اندر یا جتنی جلدی ممکن ہو رابطہ کرنا چاہیئے۔

اوپن شفٹوں میں کام کرنے کی ترجیح

جب نئی شفٹیں دستیاب ہوں تو نیا ملازم بھرتی کرنے سے پہلے آپ کے آجر پر یہ سب کرنا لازم ہے:

- آپ کی جائے کار پر معلومات آویزاں کر کے اور آپ تک براہ راست الیکٹرانک طریقے سے، جس میں ٹیکسٹ اور ای میل شامل ہو سکتی ہے، معلومات پہنچا کر شفٹوں کی NYC میں پہلے سے موجود کارکنان کو تشہیر کرنا۔
- جس جائے کار پر شفٹیں دستیاب ہوں، اس کے کارکنان کو اوپن شفٹوں میں کام کرنے کے لیے ترجیح دینا۔
- دوسری جائے کار کے دلچسپی رکھنے والے کارکنان کو صرف اسی صورت میں شفٹیں دینا جب اس جائے کار کا کوئی بھی کارکن قبول نہ کرے یا قبول کرنے والے کارکنان ناکافی ہوں۔

آپ کا آجر صرف اسی صورت میں نئے کارکنان بھرتی کر سکتا ہے اگر NYC کے کوئی موجودہ کارکنان اعلان کردہ حتمی تاریخ تک شفٹیں قبول نہ کریں۔

"Clopening" (کلوپننگ) شفٹوں کے لیے رضامندی اور $100

آپ کا آجر آپ کے نظام الاوقات میں 2 دنوں میں 2 شفٹیں اس طرح نہیں ڈال سکتا کہ جب پہلی شفٹ دن کا اختتام کرے اور شفٹوں کے درمیان 11 گھنٹے سے کم وقفہ ہو ("clopening") ماسوائے اس کے کہ آپ نے تحریری رضامندی دی ہو اور آپ کو شفٹ میں کام کرنے کے لیے $100 پریمیم دیا جائے۔

نظام الاوقات میں آخری وقت پر ہونے والی تبدیلیوں کے لیے رضامندی اور پریمیم اجرت

آپ کا آجر آپ کے نظام الاوقات میں اس صورت میں تبدیلی نہیں کر سکتا جب تبدیلی کے مؤثر ہونے میں 14 دن سے کم وقت رہتا ہو، ماسوائے اس کے کہ آپ کی تحریری رضامندی ہو اور مندرجہ ذیل پریمیم ادا کئے جائیں:

نوٹس کی رقم	کام کرنے کا اضافی وقت یا اضافی شفٹیں	شفٹوں میں تبدیلی لیکن کام کے مجموعی وقت میں کوئی تبدیلی نہیں	کام کرنے کا تخفیف کردہ وقت یا تخفیف کردہ شفٹیں
14 دن سے کم وقت رہ جانے کی صورت میں اطلاع	$10 فی تبدیلی	$10 فی تبدیلی	$20 فی تبدیلی
7 دن سے کم وقت رہ جانے کی صورت میں اطلاع	$15 فی تبدیلی	$15 فی تبدیلی	$45 فی تبدیلی
24 گھنٹے سے کم وقت رہ جانے کی صورت میں اطلاع	$15 فی تبدیلی	$15 فی تبدیلی	$75 فی تبدیلی

پریمیم اجرت ان صورتوں میں لازم نہیں ہے، جب:

1. آپ کے آجر کا ریستوران ان وجوہات کی بنا پر بند ہو: کارکنان کے تحفظ یا آجر کی پراپرٹی کو خطرہ ہو؛ پبلک یوٹیلٹی کی بندش؛ عوامی ذرائع نقل و حمل کی بندش؛ آگ، سیلاب یا کوئی دوسری قدرتی آفت؛ گورنمنٹ کی جانب سے اعلان کردہ حاثاتی صورتحال۔
2. آپ خود کسی مخصوص شفٹ کے نظام الاوقات میں تبدیلی کی درخواست کریں۔
3. آپ خود کسی دوسرے کارکن کے ساتھ شفٹ تبدیل کر لیں۔
4. آپ کے آجر کو تبدیل کردہ شفٹ کے لیے اوور ٹائم کی ادائیگی کرنا ہوتی ہے۔

شکایت درج کروائیں

محکمہ برائے صارف معاملات (Department of Consumer Affairs, DCA) کا دفتر برائے لیبر پالیسی اور معیارات (Office of Labor Policy & Standards, OLPS) NYC کے Fair Workweek Law اور دیگر لیبر قوانین کا نفاذ کرتا ہے۔

OLPS کے پاس شکایت درج کروانے کے لیے nyc.gov/dca پر جائیں یا **311 پر رابطہ کریں** (NYC سے باہر 212-NEW-YORK پر) اور "Fair Workweek Law" کے لیے کہیں۔

OLPS تحقیقات کرے گا اور آپ کی شکایت کے حل کی کوشش کرے گا۔ **OLPS آپ کی شناخت کو خفیہ رکھے گا ماسوائے اس کے کہ کسی تحقیقات کی تکمیل کی وجہ سے یا قانون کے تحت انکشاف کرنا لازمی ہو۔**

آپ عدالت میں بھی درخواست دائر کر سکتے ہیں۔ تاہم، آپ ایک ہی وقت میں دونوں کام، یعنی OLPS میں شکایت درج کروانا اور عدالت میں درخواست دائر کرنا، نہیں کر سکتے۔

OLPS سے رابطہ کریں:

nyc.gov/dca ملاحظہ کریں، FWW@dca.nyc.gov پر ای میل کریں یا **311 پر رابطہ کریں** اور "Fair Workweek Law" کے لیے کہیں۔

*آپ کے آجر کو یہ نوٹس کسی ایسی زبان میں بھی لگانا چاہیئے جو آپ کی جائے کار پر کارکنان کی کم از کم 5 فی صد تعداد کی مادری زبان ہو، اگر nyc.gov/dca پر موجود ہو تو۔

NYC Consumer Affairs

Bill de Blasio
Mayor

Lorelei Salas
Commissioner

08/2018